گوشہ تعارف وتبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام: اسلامی اصول تحقیق

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خاکوانی

ناشر: ادارہ مطبوعات سلیمانی، رحمان مارکیٹ غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور، ۲۰۱۳ء

قیمت وصفحات: ۳۰۰ روپے، صفحات: ۳۷۶

پروفیسر خاکوانی صاحب علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ڈین کی حیثیت سے ریٹائرڈ ہوئے، الخیر یونیورسٹی نے بھی آپ کو ڈین کی حیثیت سے اپنی یونیورسٹی میں لے لیا۔ ڈاکٹر صاحب نظریاتی شخصیت ہیں اور علمی کام کرنے والوں کی بڑی قدر اور حوصلہ افزائی فرماتے ہیں، آپ نے نصابی وغیر نصابی متعدد ضخیم کتب تحریر فرمائی ہیں، جو اس قوم اور تعلیمی اداروں کا اثاثہ ہیں۔

آج جبکہ لوگ اپنے اپنے خول میں بند ہیں اور کنویں کے مینڈک بنے ہوئے ہیں، ڈاکٹر صاحب امید کی کرن ہیں، آپ کے شاگرد ملک و بیرون ممالک پھیلے ہوئے ہیں، طلباء میں تحقیق کے ذوق کو فروغ دینے، ان کو اپنی تاریخ یاد دلانے اور تحقیق کی جانب رہنمائی کرنے کے لئے یہ ضخیم ترین کتب تصنیف کی ہے، (ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اس کتاب کی تیاری میں انہوں نے میری کتاب سے بھی استفادہ کیا ہے، جو کہ میرے لئے اعزاز ہے)

یہ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے، اس میں درج ذیل مباحث ہیں۔ تحقیق کا مفہوم، اصول تحقیق (مشرقی ومغربی) اسلام میں علم وتحقیق، تحقیق کا ارتقاء، تحقیق کی شرعی حیثیت، اسلامی اصول تحقیق کے پانچ عناصر، خصوصیات و امتیازات۔ مغربی واسلامی اصول تحقیق کا تقابلی مطالعہ۔ اسلامی اصول تحقیق کا ارتقاء۔ تصنیف وتالیف کا آغاز۔ اسلامی مصادر ومراجع۔ تحقیق کی سات اقسام، اصول تحقیق کی اہم اردو، عربی، انگریزی تصانیف، مقالہ کے لئے عنوان کے انتخاب کے تین مراحل۔

تحقیقی مقالہ کی تعریف، خصوصیات، مقالہ کی خاکہ سازی اور لازمی عناصر، تحقیقی مقالہ کے لئے مصادر ومراجع کی اہمیت اور بہترین مقالہ کی خصوصیات، جیسے اہم ترین مباحث اس کتاب کا حصہ ہیں، طالب علم کو اس کتاب کے مطالعہ کے بعد کسی کتاب ورہنمائی کی ضرورت باقی نہیں رہتی ہے۔ اس کتاب کو ہر تحقیقی ادارہ کی لائبریری میں ہونا چاہئے، جو طلباء میرے ماتحت مختلف یونیورسٹیز میں ریسرچ کر